www.awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | جمعرات ، 19 نومبر 2026ء ، 9 جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 205

چیئرپرسن بی آئی ایس ٹی سینیٹر روبینہ خالد کا شیخوپورہ میں بی آئی ایس ٹی ڈائنامک ججسٹری سینٹر کا دورہ

اس پروگرام میں کسی قسم کی بدعنوانی برداشت نہیں ہوگی، کٹوتی کرنے والے ایجنٹ کے خلاف فوری مقدمہ درج کرائیں؛ روبینہ خالد کی افسران کو ہدایت

خواتین سے سوال، یہ پروگرام کس کے نام پر ہے؟ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے نام پر، خواتین کا جواب؛ آپ نے بھی اسی بہادر بینظیر کی طرح اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھانی ہے



چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد شیخوپورہ میں خواتین کے مسائل سن رہی ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بی آئی ایس پی صدر مملکت اور وزیراعظم پاکستان کی ہدایات پر متعارف کرائے گئے نئے ڈیجیٹل والٹ نظام کے تحت ایک کروڑ خواتین کے اکاؤنٹس قائم؛ نہ قطار نہ انتظار، خواتین ملک بھر میں کسی بھی مجاز پارٹنر بینک کے ریٹیلر سے ہفتے کے ساتوں دن رقم وصول کرسکتی ہیں: سینیٹر روبینہ خالد چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج (بقیہ نمبر 4)

پاکستان کا فتح 3- سپرسونک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ

مسلح افواج کے سینئر افسران کے ساتھ سائنسدانوں اور انجینئرز نے لانچ کا مشاہدہ

فتح 3 سے ملک کی مجموعی روایتی دفاعی صلاحیت اور دفاعی پوزیشن مزید مضبوط ہوگی

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج نے فتح 3- سپرسونک کروز میزائل کا کامیاب تجربہ کرلیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فتح 3 جدید نیویگیشن اور پروپلشن سسٹم سے لیس ہے اور سپرسونک رفتار سے طویل فاصلے پر اہداف کو انتہائی درستی سے نشانہ بنانے کی صلاحیت (بقیہ نمبر 12)

ایل پی جی اصلاحات کے ثمرات سامنے آنا شروع

نئے نظام کے تحت پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا ایل پی جی جہاز 51 ہزار میٹرک ٹن ایل پی جی لے کر پورٹ قاسم پہنچ گیا

اسلام آباد / کراچی (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی قیادت میں ایل پی جی اصلاحات کے ثمرات سامنے آنا شروع ہوگئے، نئے نظام کے تحت پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا ایل پی جی (بقیہ نمبر 15)

بجلی کی قیمتوں میں 2 روپے 88 پیسے فی یونٹ اضافے کا امکان

نیپرا حکام کے مطابق بجلی کی قیمت میں اضافے سے متعلق درخواست پر 26 نومبر کو سماعت کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے اکتوبر کی ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کے تحت بجلی 2 روپے 88 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی اے) (بقیہ نمبر 14)

بچت اسکیموں پر منافع کی شرح میں ردوبدل کردیا گیا

ریگولر انکم سرٹیفکیٹ کا منافع 12.12 فیصد، بہبود، پنشنرز اور شہدا فیملی اکاؤنٹس کا منافع 12.96 فیصد برقرار، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) قومی بچت نے بعض بچت اسکیموں پر منافع کی شرح میں ردوبدل کردیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز سرٹیفکیٹ کے پہلے 5 سیونگز کے اعلامیے کے مطابق اسپیشل منافعوں کی شرح 11.8 فیصد کردی گئی، (بقیہ نمبر 13)

بچوں اور خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے سپیڈی کورٹس قائم کی جارہی ہیں

خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدام کرینگے

وزیراعلیٰ پنجاب

بچوں کے استحصال میں ملوث افراد کیلئے نیا ایکٹ لائیں گے، پنجاب میں سیف سٹی کیمروں اور پنک بٹن کے ذریعے بچوں کی حفاظت یقینی بنانے کے اقدامات کیے جارہے ہیں

بچوں کی حفاظت، عزت اور بہتر مستقبل کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں، بچوں کے جنسی استحصال کیخلاف عالمی دن پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بچوں اور خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سپیڈی کورٹس قائم کی جارہی ہیں، جبکہ بچوں اور خواتین کے استحصال میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے نیا ایکٹ بھی لایا جائے گا۔ مریم نواز شریف نے بچوں کے جنسی استحصال، بدسلوکی اور تشدد کی روک تھام اور بحالی کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بچوں کے حقوق کا تحفظ ایک محفوظ اور مہذب معاشرے کی تشکیل کی جانب اہم قدم ہے۔ بچوں کی حفاظت، عزت اور بہتر مستقبل کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بچوں کو جنسی استحصال، بدسلوکی اور ہر قسم کے تشدد سے محفوظ بنانا پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور تشدد نہ صرف جرم ہے بلکہ شرف انسانیت کے بھی منافی ہے، بچوں کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر معاشرے کے مجرم ہیں اور ان کے خلاف سخت کارروائی ناگزیر ہے۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پنجاب میں سیف سٹی (بقیہ نمبر 11)

وزیراعظم اور نواز شریف سے صدر، وزیراعظم آزاد کشمیر کی ملاقات

شرکاء نے آزاد کشمیر کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لیے پنجاب حکومت کے فعال کردار پر بھی گفتگو کی

اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، وفاقی وزیر احسن اقبال، انجینئر امیر مقام، طارق فضل چوہدری اور عطاء اللہ تارڑ بھی موجود تھے



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

مظفر آباد (اے ایف پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے صدر آزاد جموں وکشمیر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان اور وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار علی گیلانی نے ملاقات کی، جس میں آزاد کشمیر کے ترقیاتی امور اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں وفاقی حکومت کی جانب سے آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں میں (بقیہ نمبر 10)

سندھ کی تقسیم کے معاملے پر خونریزی کس بنیاد پر ہوگی؟

نئے صوبوں کے قیام کے معاملے پر گفتگو ہوتی رہنی چاہیے، ملک احمد خان

لاہور (اے ایف پی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا کہ سندھ کی تقسیم کے معاملے پر خونریزی کس بنیاد پر ہوگی، صوبوں کی بات کرنا غیر آئینی کیسے ہے لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ملک احمد خان نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کے (بقیہ نمبر 28)



لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پاکستان فیرس نان فیرس میٹل ایسوسی ایشن کے چیئرمین کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

ہارون اختر خان کی ماربل ایسوسی ایشن کے وفد سے اہم ملاقات

جدید کان کنی، ویلیو ایڈیشن، ٹیکنالوجی کی بہتری اور برآمدات میں اضافہ پر زور

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے ماربل ایسوسی ایشن کے نمائندوں کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں پاکستان کی ماربل اور گرینائٹ کی صنعت کی ترقی اور اسے عالمی منڈی میں مسابقتی بنانے کے لئے جامع قومی ماڈل پالیسی کی تیاری پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 29)

بچوں کی کردارسازی سے عظیم کام اور کوئی نہیں ہوسکتا، راجہ پرویز اشرف

لاہور (این این آئی) صدر پیپلز پارٹی وسطی پنجاب راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ بچوں کی کردارسازی سے عظیم کام اور کوئی نہیں ہوسکتا۔ تقریب سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 17)

انتظامی یونٹس یا صوبے بنانا قومی قیادت کا مینڈیٹ ہے

بیانات کے بجائے صوبے کے قیام کی بحث کو پارلیمنٹ میں لایا جائے، رانا سکندر

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ قومی اتفاق رائے کے لیے صوبوں سے متعلق بحث کو پارلیمنٹ میں کیوں نہیں لاتے، بیانات کے بجائے صوبے کے قیام کی بحث کو پارلیمنٹ میں لایا جائے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 16)



ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب شیخ فرید احمد کا دفتر ڈی جی پی آر میں اے پی این ایس کی ریکوری کمیٹی کے ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

اخبارات کے واجبات کی بروقت ادائیگی یقینی بنائی جائیگی، ڈی جی پی آر شیخ فرید احمد کی اے پی این ایس وفد کو یقین دہانی

اے پی این ایس کی ریکوری کمیٹی کے وفد کی ڈی جی پی آر پنجاب سے ملاقات

وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی ہدایت پر علاقائی اخبارات کی سرپرستی اور مالی مشکلات کے ازالے کے لیے اقدامات جاری ہیں، ڈی جی پی آر

اے پی این ایس وفد کا ڈیجیٹل میڈیا ونگ کی نئی عمارت کا دورہ، جدید سہولیات اور محکمہ اطلاعات کی کارکردگی کو سراہا

لاہور (این ای این) آل پاکستان نیوز پیپرز سوسائٹی کی پنجاب گورنمنٹ ریکوری کمیٹی کے ارکان نے محسن سیال کی سربراہی میں آج دفتر ڈی جی پی آر میں ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب شیخ فرید احمد سے ملاقات کی۔ ملاقات میں اخبارات کو درپیش مسائل، سرکاری اشتہارات کے واجبات کی بروقت ادائیگی سمیت پرنٹ میڈیا سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع (بقیہ نمبر 5)

190 ملین پاؤنڈ کیس میں عمران خان کی سزا برقرار رہ سکتی ہے، طارق فضل

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ 190 ملین پاؤنڈ کرپشن کیس میں بانی پی ٹی آئی کی سزا اسلام آباد ہائیکورٹ سے بھی برقرار رہنے کے قوی امکانات ہیں (بقیہ نمبر 19)

36 میں سے 32 رافیل رہ گئے، برطانوی جریدے کی تصدیق

پاک فضائیہ نے 4 رافیل طیاروں سمیت بھارت کے 8 طیارے تباہ کیے تھے

لندن (این این آئی) برطانوی ایوی ایشن انٹرنیشنل کی جانب سے جاری کردہ 2027 کی جریدے فلائٹ انٹرنیشنل کے اعداد وشمار سے بھی ورلڈ ائیر فورسز ڈائریکٹری میں بھارتی فضائیہ کے معرکہ حق کے دوران بھارت کے رافیل لڑاکا طیاروں کے تباہ ہونے کے پاکستانی دعوؤں کی تصدیق ہوگئی۔ برطانوی جریدے فلائٹ انٹرنیشنل کی جانب سے زیر استعمال رافیل طیاروں کی تعداد 32 بتائی گئی ہے جو کہ اس سے قبل 36 تھی۔ فلائٹ انٹرنیشنل کی جانب سے 2025 (بقیہ نمبر 18)

سرکاری سکولوں میں مرد اور خواتین اساتذہ کے جینز پہننے پر پابندی

نیا ڈریس کوڈ جاری، اساتذہ کو اسکولوں میں شارٹس پہننے اور انڈور مقامات پر سن گلاسز استعمال کرنے کی بھی اجازت نہیں ہوگی

صوبے کے تمام سرکاری اسکولوں کے سربراہان کو نئے ڈریس کوڈ پر فوری عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کردی ہے

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن نے صوبے کے سرکاری سکولوں کے اساتذہ کے لیے نیا ڈریس کوڈ جاری کردیا، جس کے تحت مرد اور خواتین اساتذہ کے جینز پہننے پر پابندی عائد کردی گئی ہے۔ نئے ڈریس کوڈ کے مطابق اساتذہ کو اسکولوں میں شارٹس پہننے اور انڈور مقامات پر سن گلاسز استعمال کرنے کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے مرد اساتذہ کو ویسٹ کوٹ (بقیہ نمبر 20)

باپ سے مبینہ گولی چلنے پر 11 سالہ بیٹی جاں بحق

کالا شاہ کاکو (این این آئی) مرید کے تھانہ سٹی کے علاقے داکے میں گھر کے اندر فائرنگ کے واقعے میں 11 سالہ حنا عظیم جاں بحق ہوگئی ریسکیو حکام کے مطابق رات گئے بچی کا والد عظیم گھر میں پسٹل صاف کررہا تھا کہ اچانک گولی چل گئی اور حنا کو جا لگی (بقیہ نمبر 22)

ڈرائیونگ لائسنس کیلئے ڈی میرٹ پوائنٹ سسٹم متعارف کرنیکا فیصلہ

2 سال میں 10 پوائنٹس پر وارننگ اور 20 پوائنٹس پر ڈرائیونگ لائسنس معطل ہوگا، مسودہ تیار کرلیا جس کے مطابق 2 سال میں 10 پوائنٹس پر وارننگ اور (بقیہ نمبر 21)

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں ڈرائیونگ لائسنس کیلئے ڈی میرٹ پوائنٹ سسٹم متعارف کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانسپورٹ نے لائسنس ہولڈرز کے لیے مسودہ تیار کرلیا جس کے مطابق 2 سال میں 10 پوائنٹس پر وارننگ اور 20 پوائنٹس پر ڈرائیونگ لائسنس معطل ہوگا، مسودہ کی شرح میں 11.8 فیصد کردی گئی، (بقیہ نمبر 13)



ایس ایس پی انویسٹیگیشن سیف اللہ کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن رہے ہیں

خلیجی ممالک کیلئے ہنگامی صحت منصوبے کی منظوری

ریاض: (اے ایف پی) سعودی کابینہ نے خلیجی ممالک کیلئے ہنگامی صحت منصوبے کی منظوری دے دی۔ سعودی میڈیا کے مطابق کابینہ کا اجلاس سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں خلیجی ممالک کے ہنگامی طبی منصوبے کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں ایک اور اہم فیصلے کے تحت غیر ملکی (بقیہ نمبر 23)

سی ڈی اے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 11 منزلہ اسٹیٹ آف دی آرٹ نیشنل پولیس اکیڈمی، 96 فیصد سے زائد کام مکمل

چیئرمین سی ڈی اے کا زیر تعمیر نیشنل پولیس اکیڈمی منصوبے کا دورہ

وزیر داخلہ محسن نقوی اور چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت پر منصوبہ محض 15 ماہ کی ریکارڈ مدت میں مکمل کیا گیا، بریفنگ

126 کمرے، 7.442 میٹر طویل جاگنگ ٹریک اور دور رس ٹاورز شامل، باقی ماندہ فنشنگ ورک 24/7 جاری رکھنے کی ہدایت



چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد میں واقع سیکٹر H-11 میں زیر تعمیر نیشنل پولیس اکیڈمی منصوبے کا دورہ کررہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین نیشنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے اسلام آباد میں واقع سیکٹر H-11 میں زیر تعمیر نیشنل پولیس اکیڈمی منصوبے کا دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ متعلقہ سینئر افسران نے چیئرمین سی ڈی اے کو نیشنل پولیس اکیڈمی منصوبے میں اب تک ہونے والی پیشرفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پولیس اکیڈمی کی عمارت بیسمنٹ، گراؤنڈ فلور سمیت 11 منزلوں پر مشتمل ہے اور سی ڈی اے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 11 منزلوں پر مشتمل اسٹیٹ آف دی آرٹ بلڈنگ خصوصی طور پر پولیس جوانوں کی ٹریننگ کیلئے تعمیر کی جارہی ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ وزیر داخلہ محسن نقوی اور چیئرمین سی (بقیہ نمبر 9)

پاکستان کی آئی ٹی ایکسپورٹ ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں

آئی ٹی کی ایکسپورٹ اکتوبر 2026 میں 45 کروڑ 30 لاکھ ڈالرز رہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی آئی ٹی ایکسپورٹ ماہانہ بنیادوں پر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق اکتوبر 2026 میں پاکستان کی آئی ٹی ایکسپورٹ 45 کروڑ 30 لاکھ ڈالرز رہیں جو ملکی تاریخ کی ماہانہ بلند ترین (بقیہ نمبر 24)

سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کے اعزاز میں الوداعی تقریب

حسن مشتاق سکھیرا نے امن وامان کے قیام کیلئے مؤثر اقدامات کیے، آر پی او راولپنڈی

راولپنڈی (این ای این) آر پی او راولپنڈی ہابر سرفراز الپا کی جانب سے سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد حسن مشتاق سکھیرا کو بطور سی پی او راولپنڈی پیشہ ورانہ خدمات اور بہترین کارکردگی پر خراج تحسین، حسن مشتاق (بقیہ نمبر 25)

ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کا تبادلہ ہونے پر انکی خدمات کے صلہ میں اعزازی شیلڈ پیش کررہے ہیں

امیر جماعت اسلامی کا جمعے کو شوگر ملز کے باہر دھرنے کا اعلان

ملک میں زراعت کی صورت حال انتہائی خراب ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

اسلام آباد (اے ایف پی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ کہ ہماری جماعت جمعے کو شوگر ملز کے باہر دھرنے دے گی۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ ملک میں زراعت کی صورت حال انتہائی خراب ہے ، (بقیہ نمبر 26)

ہماری اسمبلی کی روایات کو بلڈوز کیا گیا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان


میں اسمبلی سے واک آؤٹ نہیں کرسکتا، مجھے اس اسمبلی سے واک آؤٹ کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ میں اسمبلی سے واک آؤٹ نہیں کرسکتا، لیکن مجھے اس اسمبلی سے واک آؤٹ کیا جائے، ہماری اسمبلی کی روایات کو بلڈوز کیا گیا ہے۔ بلوچستان اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 27)

خلا میں پاکستان کی پہلی خلا باز شیزو 24- مشن روانہ ہونے کو تیار

چین کے تیانگونگ خلائی اسٹیشن جانے والا پہلا غیر ملکی خلا باز ہوگا، محمد ذیشان علی اور خرم داؤد کی تربیت مکمل

مشن کے لوگو میں قومی پھول ''چنبیلی'' شامل، سیارکو نے پاک چین دوستی اور سائنسی تعاون کا نیا باب قرار دے دیا



اسلام آباد (فرحین سے) پاکستان خلائی پروگرام کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل عبور کرنے جارہا ہے۔ پاکستان کے پہلے خلا باز چین کے شینزو (Shenzhou-24) 24- خلائی مشن کے ذریعے خلا میں جانے کے لیے تیار ہیں۔ ترجمان سپارکو کے مطابق یہ پیش رفت پاکستان اور چین کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری اور خلائی تحقیق کے شعبے میں بڑھتے ہوئے تعاون کی عکاس ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستانی خلا باز مشن میں بطور پے لوڈ اسپیشلسٹ (Payload Specialist) شامل ہوں گے اور چین کے تیانگونگ (Tiangong) خلائی اسٹیشن کا سفر کرنے والے پہلے غیر ملکی خلا باز بننے کا اعزاز حاصل کریں گے۔ چائنا مینڈ اسپیس ایجنسی نے پاکستانی خلا باز کی شینزو 24- خلائی جہاز کے ذریعے تیانگونگ (بقیہ نمبر 8)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت ریونیو امور کے حوالے سے اہم اجلاس، متعلقہ افسران کی شرکت

ریونیو خدمات کی فراہمی میں غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی

ریونیو ریکارڈ کی درستگی، عوامی شکایات کے فوری ازالے اور زیر التوا معاملات کو بروقت نمٹانے کیلئے مربوط حکمت عملی اپنانے کی ہدایت

سرکاری امور میں شفافیت اور قانون کی بالادستی یقینی بنائی جائے، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عمر اویس کیانی سمیت دیگر افسران کی شرکت



مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت محکمہ ریونیو کے امور کا جائزہ لینے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عمر اویس کیانی سمیت محکمہ ریونیو اور ضلعی انتظامیہ کے دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع مری میں محکمہ ریونیو سے متعلقہ مختلف انتظامی و دفتری امور کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ریونیو افسران کی جانب سے اپنے اپنے شعبوں کی کارکردگی اور جاری امور کے حوالے سے تبادلہ خیال (بقیہ نمبر 7)

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی ریونیو امور سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سرکاری اراضی پر قبضوں کے خلاف آپریشن تیز کرنے کا فیصلہ

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت میونسپل کارپوریشن کا اجلاس، تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کا جائزہ

مری کے قدرتی حسن اور شہری نظم وضبط کو برقرار رکھنے کے لئے کارروائی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں ہوگی، ڈی سی مری

مری (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی زیر صدارت میونسپل کارپوریشن مری کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں مری شہر اور گردونواح میں جاری غیر قانونی تعمیرات، سرکاری اراضی پر ناجائز قبضوں اور تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ افسران کی جانب سے غیر قانونی تعمیرات کے خلاف جاری کارروائیوں اور سرکاری اراضی واگزار (بقیہ نمبر 6)



ڈی سی مری آغا ظہیر عباس شیرازی تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف جاری آپریشن کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کسی کو قانون ہاتھ میں لینے یا ناجائز تجاوزات قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، افسران کو سخت ہدایات

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ماحولیاتی سرمایہ کاری کی ضرورت

وزیر مملکت برائے موسمیاتی تبدیلی نے کہا ہے کہ پاکستان کو 2035ء تک اپنے موسمیاتی وعدے پورے کرنے کیلئے تقریباً 565ارب ڈالر کی سرمایہ کاری درکار ہے۔ پاکستان نے 2035ء تک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 50 فیصد کمی کا ہدف مقرر کیا ہے جس میں سے 17 فیصد کمی اپنے وسائل سے جبکہ باقی 33 فیصد کمی بین الاقوامی مالی اور تکنیکی معاونت سے مشروط ہے۔ اس مقصد کیلئے قابلِ تجدید توانائی کے فروغ' ٹرانسپورٹ کے شعبے کو ماحول دوست بنانے' صنعتی اخراج میں کمی' جنگلات کے تحفظ اور موسمیاتی آفات سے بچاؤ کے منصوبوں پر خطیر سرمایہ کاری ناگزیر ہے۔ تاہم اس موسمیاتی حکمت عملی پر عملدرآمد کیلئے عالمی مالی معاونت کے بغیر آگے بڑھنے کا کوئی راستہ دکھائی نہیں دیتا۔

ہر سال عالمی موسمیاتی کانفرنسوں میں ترقی پذیر ممالک کی مالی معاونت کے بڑے بڑے وعدے کیے جاتے ہیں لیکن عملی طور پر ان وعدوں کی تکمیل کی رفتار انتہائی سست ہے۔ 2023ء میں جنیوا کانفرنس کے موقع پر پاکستان کیلئے منصوبہ جاتی مالی معاونت کی مد میں 6.3ارب ڈالر فراہم کرنے کے وعدے کیے گئے تھے' تاہم جون 2025ء تک اس مد میں صرف 2.8ارب ڈالر موصول ہوئے تھے۔ ترقی یافتہ ممالک کو یہ حقیقت تسلیم کرنا ہوگی کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنا محض متاثرہ ممالک کی انفرادی ذمہ داری نہیں بلکہ ایک مشترکہ عالمی مسئلہ ہے۔ تاہم عالمی معاونت کے حصول کی کوششوں کے ساتھ پاکستان کو اپنی داخلی ذمہ داریوں سے بھی غافل نہیں ہونا چاہیے۔

بے جان مقامی حکومتیں اور نئے صوبے

ڈاکٹر حسین احمد پراچہ

گزشتہ چند روز سے نئے صوبوں کا موضوع ایک بار پھر سے اخباری شہ سرخیاں اور ٹی وی چینلز کی بریکنگ نیوز بن چکا ہے۔

یہ خاکسار لاہور میں جس بستی کا مکین ہے' وہیں کچھ فاصلے پر جناب آصف علی زرداری کا پیلس ہے۔ زرداری صاحب صدر ہوں یا نہ ہوں' وہ جب بھی لاہور آتے ہیں تو یہیں قیام کرتے ہیں۔ تب سیاستدانوں' اینکروں اور صحافیوں کی آمد و رفت سے ہمارے اڑوس پڑوس خوب چہل پہل ہو جاتی ہے۔ 14 نومبر کو صدر زرداری نے شہباز شریف سے لاہور میں اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ اخباری رپورٹس کے مطابق ملاقات میں معاشی استحکام اور ترقی کا عمل تیز کرنے کیلئے مل کر کام کرنے پر عزم صمیم کا اظہار کیا گیا۔ ہمارے اندازے کے مطابق دو باتیں ایسی بھی ہیں کہ جن کا بظاہر سارے فسانے میں ذکر نہیں مگر ضرور زیرِ بحث آئی ہوں گی۔ ایک تو نئے صوبوں کی تشکیل' دوسرا مولانا فضل الرحمٰن کا معاملہ۔

نئے صوبوں کے موضوع پر مسلم لیگ (ن) کی "فاختہ" بڑی دیر سے چپ اس لیے تھی کہ وہ غور وفکر کر رہی تھی۔ اب بلی تھیلے سے باہر آ چکی ہے۔ لگتا ہے کہ مسلم لیگ (ن) پنجاب میں بھی نئے صوبوں کیلئے آمادہ ہو چکی ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے تو یہاں تک کہہ دیا ہے کہ نئے سال کے آغاز کیساتھ ہی نئے صوبے وجود میں آ جائیں گے۔ اگر پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی نہ مانیں تو ریفرنڈم کی تیاریاں مکمل ہیں۔ ہم بھی نئے صوبوں کی اہمیت وافادیت کے دل وجان سے قائل ہیں۔ صوبوں کی تشکیل کا بنیادی مقصد یہی بیان کیا جاتا ہے کہ عام آدمی کے کام اور اس کی خوشحالی کے امکانات اس کے گھر کے قریب ہونے چاہئیں۔ نئے صوبوں کے قیام کے بعد بھی یہاں بااختیار اور خودمختار مقامی حکومتیں نہ بنیں تو پھر محض نئے صوبوں کے قیام سے عام آدمی کو کچھ فرق نہیں پڑے گا۔ پہلے یہی سمجھا جاتا تھا کہ صوبائی حکومتیں بلدیاتی اداروں کے قیام میں بڑی رکاوٹ ہیں مگر اب تازہ ترین منظرنامے کے مطابق وفاقی حکومت بھی خم ٹھونک کر اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کے راستے میں سدِ سکندری بن کر حائل ہوگئی ہے۔ چار سال قبل چیف الیکشن کمشنر جب یہ اہم عہدہ قبول کر کے' لاہور سے اسلام آباد کیلئے عازم سفر ہو رہے تھے تو اُن سے ملاقات ہوئی تھی۔ تب اُن کے ارادے بہت بلند تھے۔ اس ملاقات میں وہ صاف شفاف انتخابات کے انعقاد کیلئے بہت پُرعزم تھے مگر پھر اُن کے دور میں انتخابات پر جو گزری' اسکے بارے میں ہر طرح کے تبصرے آ چکے ہیں اس لیے مزید کسی تبصرے کی ضرورت نہیں۔ دوسرے صوبوں میں ٹوٹی پھوٹی لوکل لنگڑی جیسی کیسی نام کی ہی سہی "مقامی حکومتیں" موجود تو ہیں مگر پنجاب حکومت نے بہانہ بسیار کا سہارا لے کر گزشتہ گیارہ برس سے بلدیاتی انتخابات ہونے ہی نہیں دیے۔ راجہ صاحب اپنے دور میں تاحال پنجاب میں مقامی حکومتوں کے انتخابات نہیں کروا سکے۔

اسلام آباد لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2026ء غیر مؤثر ہو گیا تو چیف الیکشن کمشنر نے لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015ء کے بحال ہونے پر 21 اکتوبر 2026ء کو اسلام آباد کی مقامی حکومت کے الیکشن کا اعلان کرتے ہوئے انتخابی شیڈول کی تفصیلات مشتہر کر دیں۔ اس موقع پر انہوں نے بعض سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کے ساتھ اپنی ملاقات میں بتایا کہ بہت ہو چکا! اب کوئی عذر یا بہانہ قبول نہیں کیا جائے گا اور نہ ہی کوئی کمپرومائز ہوگا۔ اس شیڈول کے مطابق اسلام آباد میں سیاسی جماعتیں فی الفور متحرک ہو گئیں۔ اطلاعات کے مطابق اسلام آباد میں 1125 کونسلرز سیٹوں پر جماعت اسلامی نے 730 امیدوار کھڑے کیے۔ ان میں سے 46 بلامقابلہ کامیاب ہو گئے۔ مسلم لیگ (ن) نہ تو اسلام آباد میں مقبول ہے اور نہ اس کی انتخابی تیاری تھی۔ اس لیے وفاقی حکومت کے اشارے پر پہلے تو اسلام آباد کی انتظامیہ نے اساتذہ کو پولنگ ڈیوٹیوں پر بھیجنے سے انکار کر دیا' پھر علی الاعلان مکمل عدم تعاون کیا۔ اس پر بھی الیکشن کمیشن نے اپنا شیڈول بدلنے یا انتخاب ملتوی کرنے سے انکار کر دیا تو وفاقی حکومت اسلام آباد ہائیکورٹ چلی گئی اور وہاں سے انتخابات کی معطلی کیلئے سٹے آرڈر لے آئی۔

مریم نواز صاحبہ نے 14 نومبر کو اعلان کیا کہ صوبے میں ہر گلی پکی' ہر گاؤں میں سیوریج نظام بنے گا۔ خوشحال دیہات کیلئے 23 ارب روپے منظور کیے گئے ہیں۔ مریم نواز جب سے وزیراعلیٰ بنی ہیں تب سے پنجاب میں کہیں مقامی حکومتوں کے انتخابات نہیں ہوئے۔ وہ خود ہی مقامی معاملات چلاتی اور کریڈٹ لینے کی کوشش کرتی ہیں۔ اگر پختہ گلیاں اور سیوریج نظام صوبائی حکومت نے تعمیر کرنا ہے تو پھر سارے صوبے کی ترقی' روزگار کے وسیع تر مواقع' بین الاضلاعی سڑکوں' تعلیم اور صحت کے مختلف منصوبوں کیلئے پلاننگ کس نے کرنی ہے؟ اسی طرح وفاقی حکومت نے جس حیلہ جوئی سے اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کو روکا ہے' اس سے تو یہ محسوس ہوتا ہے کہ وفاقی حکومت بھی صوبائی حکومتوں کی سطح پر اتر آئی ہے۔ دنیا کے ہر ترقی یافتہ ملک میں مضبوط مقامی حکومتوں کا شاندار نظام قائم ہے۔ ہر شہر اور علاقے کی اپنی منتخب سٹی کونسل ہوتی ہے۔ یہ سٹی کونسل شہر کی تعمیر وترقی کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ شہر کی انتظامیہ اور پولیس بھی اس کونسل کے تابع ہوتی ہے۔ امریکہ' برطانیہ' سنگاپور' نیوزی لینڈ' آسٹریلیا' ملائشیا' ترکیہ' چین' جنوبی کوریا' جاپان' ہانگ کانگ' جنوبی افریقہ' بھارت' بنگلہ دیش' سری لنکا' نیپال' انڈونیشیا' ملائشیا' فلپائن' تھائی لینڈ' ویتنام' ایران' ترکیہ' سعودی عرب' متحدہ عرب امارات' قطر' کویت' بحرین' عمان' مصر' مراکش' تیونس' الجزائر' نائیجیریا' کینیا' یوگنڈا' تنزانیہ' روانڈا' ایتھوپیا' گھانا' سینیگال' آئیوری کوسٹ' برازیل' ارجنٹائن' میکسیکو' کولمبیا' چلی' پیرو' ایکواڈور' بولیویا' وینزویلا' کیوبا' کوسٹاریکا' پانامہ' جمیکا' ٹرینیڈاڈ ٹوباگو' بہاماس' بارباڈوس' فجی' پاپوا نیوگنی' سولومن آئی لینڈز' وانواتو' سمووا' ٹونگا' کیریبین ممالک' یورپی یونین کے 27 ممالک' ناروے' آئس لینڈ' سوئٹزرلینڈ' یوکرین' مالدووا' بیلاروس' سربیا' مونٹی نیگرو' بوسنیا ہرزیگووینا' شمالی مقدونیہ' البانیہ' کوسووو' روس' قازقستان' ازبکستان' کرغزستان' تاجکستان' ترکمانستان' آذربائیجان' جارجیا' آرمینیا' اسرائیل' لبنان' اردن' عراق' یمن' لیبیا

بقیہ 1

ایریا سیمت بلڈنگ بائی لاز کے تحت درکار تقاضوں کا جائزہ لے کر متعلقہ اتھارٹی فیصلہ کرے گی، جس میں چیف آفیسر بلدیہ اور ایڈمنسٹریٹر کا کردار بھی شامل ہوگا۔ان کے مطابق تا حال عمارت میں تعمیراتی کام بند ہے، مقررہ مدت میں بقایاجات کی ادائیگی اور کمرشل عمارت کے لیے بلڈنگ اتھارٹی کی مطلوبہ شرائط پوری ہونے کے بعد ہی نقشے کی منظوری کا معاملہ آگے بڑھے گا۔ بلڈنگ انسپکٹر کا کہنا تھا کہ ان کی ذمہ داری نوٹس جاری کرنا تھی، جبکہ آئندہ کارروائی اور حتمی فیصلہ متعلقہ اتھارٹی کے اختیار میں ہے۔

بقیہ 2

مزید اضافے کا باعث بنی ہے۔شہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ پولیس گشت کا نظام مؤثر اور فعال بنایا جائے ، چوروں، ڈاکوؤں اور منظم جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف کارروائی تیز کرتے ہوئے انہیں فوری گرفتار کیا جائے اور شہریوں سمیت سرکاری ونجی املاک کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ جرائم کی روک تھام کے لیے محض وقوعہ کے بعد کارروائی کے بجائے پیشگی نگرانی، مؤثر پولیسنگ اور مستقل بنیادوں پر حفاظتی اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ 3

اور تمام عمارتوں کا ازسرِ نو جائزہ لے کر حقائق عوام کے سامنے لائے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کا پیشگی تحفظ یقینی بنایا جا سکے ۔ دوسری جانب صحافتی سوسائٹی سے پرڈی ڈی ایچ او گوجرخان نے تحریری وضاحت میں بتایا کہ ان کی ذمہ داری عطائیوں کے خلاف کارروائی تک محدود ہے ، جس کے تحت 2025ء اور 2026ء میں 65 کلینکس سیل، 36 چالان اور 13 مقدمات درج کرائے گئے ، جبکہ عمارتوں کے معیار وسیلز اوپیز پر عملدرآمد پی ایچ سی، نقشوں کی منظوری بلدیہ اور طبی فضلے کی محفوظ تلفی محکمہ تحفظ ماحولیات EPA کی ذمہ داری ہے عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری، محکمہ لوکل گورنمنٹ، کمشنر و ڈی سی راولپنڈی اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ تمام محکموں کی خاموشی کا نوٹس لے کر بلاامتیاز آڈٹ کرایا جائے۔ واضح رہے کہ سرکاری مؤقف کے لیے سی ای او ہیلتھ راولپنڈی، اے سی گوجرخان، گزشتہ روز تبدیل ہونے والے سی او بلدیہ گوجرخان اور بلڈنگ انسپکٹر کو بھی تحریری سوالنامے بھیجے گئے ، تاہم متعدد یوم گزرنے کے باوجود جواب موصول نہ ہو سکا، البتہ بعد ازاں مؤقف دینے پر اسے بھی نمایاں شائع کیا جائے گا۔

بقیہ 4

شنوپورہ میں قائم بی آئی ایس پی ڈائنامک رجسٹری سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے خواتین بینفشریز سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور ڈائنامک سروے کے عمل کا جائزہ لیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی کے نئے ادائیگی کے نظام کے تحت ایک کروڑ خواتین بینفشریز کے ڈیجیٹل والٹ اکاؤنٹس بنائے گئے ہیں اور انٹرآپریبلٹی کی سہولت کے ذریعے وہ اپنی مرضی کے مجاز پارٹنر بینک کے ذریعے ملک کے کسی بھی شہر میں، ہفتے کے ساتوں دن اور کسی بھی وقت اپنی رقم وصول کر سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سہولت سے خواتین کو بینک کے انتخاب کی آزادی حاصل ہوگی اور انہیں طویل قطاروں اور انتظار سے بھی نجات ملے گی۔ سینیٹر روبینہ خالد نے خواتین کو ہدایت کی کہ وہ اپنے ڈیجیٹل والٹ کو ذاتی ہٹوے کی طرح محفوظ رکھیں اور اپنا موبائل فون یا سم کسی ایجنٹ کے حوالے نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ رقم کی منتقلی اور نکلوانے کے بینک پیغامات بطور ثبوت محفوظ رکھیں۔انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ ادائیگیوں میں کوتاہی کرنے والے ایجنٹوں کے خلاف فوری مقدمات درج کرائے جائیں۔خواتین سے گفتگو کے دوران انہوں نے پوچھا کہ یہ پروگرام کس کے نام پر ہے؟ خواتین نے جواب دیا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے نام پر۔اس پر چیئرپرسن نے کہا کہ آپ نے بھی اسی بہادر بینظیر کی طرح بہادر بننا ہے اپنے حق کے لئے لڑنا ہے اور کسی بھی زیادتی کی صورت میں شکایت درج کرانی ہے تاکہ بدعنوان عناصر کے خلاف کارروائی کر کے انہیں سزا دی جا سکے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر روبینہ خالد نے عالمی بینک کی تحقیق کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ بی آئی ایس پی پر خرچ ہونے والا ہر ایک روپیہ مقامی معیشت میں تقریباً 2.34 روپے کی حقیقی آمدن اور معاشی سرگرمی پیدا کرتا ہے۔انہوں نے مزید بتایا کہ مقررہ اہلیت کے معیار پر پورا اترنے والی 45 سال یا اس سے زائد عمر کی غیر شادی شدہ مستحق خواتین بھی بینظیر کفالت پروگرام میں شامل ہو سکیں گی۔انہوں نے خواتین پر زور دیا کہ وہ پروگرام سے متعلق مستند معلومات کے لیے بی آئی ایس پی کے سرکاری سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے رجوع کریں۔اس موقع پر ڈی جی پنجاب نصیرالدین سرور، ڈائریکٹر میڈیا قرۃ العین فاطمہ، زونل ڈائریکٹر وقارالنسا اور ڈپٹی ڈائریکٹر ماہ رخ بھی موجود تھیں۔

بقیہ 5

پرڈی جی پی آر شیخ فرید احمد نے وفد کو بتایا کہ اخبارات کے زیرِ التوا بلوں اور واجبات کی ادائیگی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی خصوصی ہدایات ہیں کہ تمام اخبارات کے واجبات کی بروقت ادائیگیوں کو یقینی بنایا جائے تاکہ اخبارات کو درپیش مالی مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب اور وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی رہنمائی میں دفتر ڈی جی پی آر میڈیا انڈسٹری کی ترقی کے لیے اپنا فعال کردار ادا کرتا رہے گا۔ وزیر اطلاعات کی خصوصی ہدایات کے تحت علاقائی اور مقامی اخبارات کی سرپرستی پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ علاقائی صحافت کو معاشی طور پر مستحکم بنانے اور اس کے فروغ میں معاونت فراہم کی جا سکے۔ شیخ فرید احمد نے کہا کہ ایک باخبر معاشرے کی تشکیل میں اخبارات کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے ۔ اخبارات نہ صرف جمہوری اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں بلکہ عوام کو حکومتی کارکردگی، پالیسیوں اور ترقیاتی اقدامات سے بھی مسلسل آگاہ رکھتے ہیں۔بعد ازاں اے پی این ایس کے وفد نے دفتر ڈی جی پی آر کے ڈیجیٹل میڈیا ونگ کی نئی عمارت کا دورہ کیا اور جدید سہولیات کا جائزہ لیا۔ وفد نے وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری اور ڈی جی پی آر شیخ فرید احمد کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ڈیجیٹل میڈیا ونگ کی جدید ترین عمارت کی بروقت تکمیل کو قابلِ تحسین قرار دیا۔وفد نے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کے مؤثر استعمال کے ذریعے حکومت پنجاب کے عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں، ترقیاتی اقدامات اور حکومتی سرگرمیوں سے عوام کو مسلسل باخبر رکھنے کے لیے محکمہ اطلاعات کی کوششوں کو بھی سراہا۔

بقیہ 8

خلائی اسٹیشن روانگی کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے ۔سپارکو کے مطابق دو پاکستانی امید وار محمد ذیشان علی اور خرم داؤد چین میں اپنی خلائی تربیت کا میابی سے مکمل کر چکے ہیں۔ان دونوں امیدواروں میں سے ایک کو اس تاریخی مشن کے لیے منتخب کیا جائے گا، جو پاکستان کی انسانی خلائی پرواز کے پروگرام میں ایک بڑی پیش رفت ہوگی۔دوسری جانب چینی خلائی ادارے نے شینزو 24- مشن کا باضابطہ لوگو بھی جاری کر دیا ہے، جس میں پاکستان کے قومی پھول چنبیلی کو خصوصی طور پر شامل کیا گیا ہے ۔ لوگو میں چنبیلی کی شمولیت پاکستان اور چین کی لازوال دوستی، قریبی تعاون اور زمین سے خلا تک پھیلی ہوئی شراکت داری کی علامت قرار دی گئی ہے ۔ ترجمان سپارکو کے مطابق یہ تاریخی پیش رفت پاکستان کے انسانی خلائی پرواز کے پروگرام اور خلائی تحقیق کے سفر میں ایک اہم قدم ہے ۔ شینزو 24- مشن نہ صرف دونوں ممالک کے درمیان سائنسی اور تکنیکی تعاون کو مزید فروغ دے گا بلکہ خلا کے پُرامن استعمال کے مشترکہ عزم کی بھی عکاسی کرتا ہے ۔ یہ مشن پاکستان کے خلائی سفر میں ایک نئے باب کا آغاز ثابت ہو سکتا ہے اور عالمی خلائی تحقیق کے میدان میں ملک کی بڑھتی ہوئی شرکت کی راہ ہموار کرے گا۔

بقیہ 9

ڈی اے سہیل اشرف کی ہدایت کے مطابق اسٹیٹ آف دی آرٹ پولیس اکیڈمی منصوبے کو محض 15 ماہ کی ریکارڈ مدت میں مکمل کیا گیا ہے ۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ 11 منزلہ عمارت میں 126 کمروں کی تعمیر سمیت زیرِ تربیت افسران کیلئے جاگنگ ٹریک، ریپلنگ ٹاورز اور آبسٹیکلز بھی شامل ہیں۔چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ مجموعی طور پر نیشنل پولیس اکیڈمی منصوبے کے 96 فیصد سے زائد ترقیاتی کاموں کو مکمل کرلیا گیا ہے اور زیرِ تعمیر نیشنل پولیس اکیڈمی کی عمارت کا فنشنگ ورک تکمیلی مراحل میں داخل ہو چکا ہے ۔چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی ہدایت پر عمارت کے باقی ماندہ فنشنگ ورک کی تکمیل کیلئے 24/7 کام کیا جارہا ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پولیس اکیڈمی میں 7.442 میٹر لمبائی طویل ٹریک کی تعمیر اور لینڈ سکیپنگ کا کام تیزی کیساتھ جاری ہے جبکہ اسی ٹریک پر راک کٹنگ، ٹریک ارتھ ورک، اسٹون پیچنگ سمیت کرب اسٹونز کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ پولیس اکیڈمی منصوبہ میں شامل دو عدد ریپلنگ ٹاورز کا سول ورک تکمیل کے قریب ہے۔علاوہ ازیں، منصوبہ میں شامل زیرِ تربیت افسران کی بہتر جسمانی ٹریننگ کیلئے مختلف آبسٹیکلز کی تنصیب کا کام جاری ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت پر پولیس اکیڈمی کے باقی ماندہ تعمیراتی کاموں کو مکمل کرنے کیلئے 24/7 تعمیراتی کام تیزی کیساتھ جاری ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے پولیس نیشنل اکیڈمی میں تربیت کی تمام اعلیٰ معیار سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اکیڈمی بلڈنگ اور دیگر کاموں کی تکمیل سے دارالحکومت اسلام آباد میں زیرِ تربیت پولیس افسران کو اعلیٰ معیار کی پیشہ ورانہ تربیتی سہولیات میسر ہونگی۔

بقیہ 10

مکمل تعاون کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔اس موقع پر ماضی میں آزاد کشمیر کی تعمیر وترقی کے لیے وفاقی حکومت کے کردار کا بھی ذکر کیا گیا۔شرکا نے آزاد کشمیر کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کے لیے پنجاب حکومت کے فعال کردار پر بھی گفتگو کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، وفاقی وزرا احسن اقبال، انجینئر امیر مقام، طارق فضل چوہدری اور عطاء اللہ تارڑ، وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ، سینیٹر پرویز رشید، سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب، رکن آزاد کشمیر اسمبلی شاہ غلام قادر اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر راجا فاروق حیدر سمیت دیگر حکام موجود تھے۔ وزیر اعظم آزاد کشمیر سید افتخار علی گیلانی نے کشمیری عوام کی فلاح و بہبود اور خوشحالی کے لیے ترقیاتی منصوبوں پر بھرپور انداز میں عمل درآمد یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا ملاقات میں آزاد کشمیر کے انتخابات کے دوران کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے امور بھی زیر بحث آئے

بقیہ 11

کیمروں اور پنک بٹن کے ذریعے بچوں کی حفاظت یقینی بنانے کے اقدامات کیے جا رہے ہیں، بچوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے ورچوئل سینٹر برائے چائلڈ سیفٹی بھی قائم کیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے بتایا کہ صوبے میں ایک لاکھ سے زائد گمشدہ اور اغوا شدہ بچوں کو بحفاظت ان کے گھروں تک پہنچایا گیا ہے، انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بچوں کے تحفظ، حقوق کی پاسداری اور محفوظ مستقبل کے لیے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 12

رکھتا ہے۔آئی ایس پی آر نے کہا کہ فتح 3 پاکستان آرمی کی راکٹ فورس کمانڈ کی آپریشنل لیک اور اسٹرائیک ریچ میں نمایاں اضافہ کریگا جبکہ فتح 3 سے ملک کی مجموعی روایتی دفاعی صلاحیت اور دفاعی پوزیشن مزید مضبوط ہوگی۔ کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ اور مسلح افواج کے سینئر افسران کے ساتھ سائنسدانوں اور انجینئرز نے لانچ کا مشاہدہ کیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق صدر، وزیر اعظم، چیف آف ڈیفنس فورسز اور سروسز چیفس نے فتح 3- کے کامیاب تجربے پر مبارکباد دیتے ہوئے قومی دفاعی صلاحیتوں کی ترقی میں اس اہم سنگ میل کے لیے تمام افراد کی لگن اور عزم کو سراہا ہے۔

بقیہ 13

چھٹا منافع 12.8 فیصد پر برقرار ہے جب کہ ڈیفنس سیونگز سرٹیفکیٹس کے منافع کی شرح بھی برقرار ہے۔اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ ریگولر انکم سرٹیفکیٹ کا منافع 12.12 فیصد، بہبود، پنشنرز اور شہدا فیملی اکاؤنٹس کا منافع 12.96 فیصد برقرار ہے۔اس کے علاوہ شارٹ ٹرم سیونگز سرٹیفکیٹس کے منافع میں اضافہ کیا گیا ہے، 3 ماہ کے شارٹ ٹرم سرٹیفکیٹس کی شرح 11.56 فیصد، 6 ماہ کے شارٹ ٹرم سرٹیفکیٹس کی شرح 11.90 فیصد جب کہ ایک سال کے شارٹ ٹرم سرٹیفکیٹس کی شرح 12.14 فیصد ہوگئی ہے۔ڈائریکٹوریٹ آف نیشنل سیونگز کے مطابق عام سیونگ اکاؤنٹ کی شرح 10.50 فیصد مطابق اسلامی سیونگ اکاؤنٹ کے ایک سالہ پلان کی شرح 12.04 فیصد اور سروا اسلامی ٹرم سرٹیفکیٹ کے تین سالہ پلان کی شرح 11.98 فیصد کردی گئی ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ سروا اسلامی ٹرم سرٹیفکیٹ کی 5 سالہ پلان 12.12 فیصد پر برقرار ہے جب کہ سروا اسلامی سیونگ اکاؤنٹ کی متوقع شرح 12.04 فیصد ہوگئی ہے۔

بقیہ 14

نے بجلی کی قیمت میں اضافے کے لیے درخواست جینٹل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) میں جمع کرادی ہے۔درخواست کے مطابق اکتوبر کے دوران بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کو 10 ارب 35 کروڑ یونٹ بجلی فروخت کی گئی۔نیپرا حکام کے مطابق بجلی کی قیمت میں اضافے سے متعلق درخواست پر 26 نومبر کو ساعت کی جائے گی جس میں پی پی پی اے کی جانب سے پیش کردہ اعداد وشمار اور مؤقف کا جائزہ لیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق درخواست کی منظوری کی صورت میں بجلی صارفین پر مجموعی طور پر 29 ارب 80 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ پڑنے کا امکان ہے تاہم حتمی فیصلہ نیپرا کی جانب سے ساعت کے بعد جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 15

پرڈی جی پی آر شیخ فرید احمد نے وفد کو بتایا کہ اخبارات کے زیرِ التوا بلوں اور واجبات کی ادائیگی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی خصوصی ہدایات ہیں کہ تمام اخبارات کے واجبات کی بروقت ادائیگیوں کو یقینی بنایا جائے تاکہ اخبارات کو درپیش مالی مشکلات کا ازالہ کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب اور وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کی رہنمائی میں دفتر ڈی جی پی آر میڈیا انڈسٹری کی ترقی کے لیے اپنا فعال کردار ادا کرتا رہے گا۔ وزیر اطلاعات کی خصوصی ہدایات کے تحت علاقائی اور مقامی اخبارات کی سرپرستی پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ علاقائی صحافت کو معاشی طور پر مستحکم بنانے اور اس کے فروغ میں معاونت فراہم کی جا سکے۔ شیخ فرید احمد نے کہا کہ ایک باخبر معاشرے کی تشکیل میں اخبارات کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے ۔ اخبارات نہ صرف جمہوری اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں بلکہ عوام کو حکومتی کارکردگی، پالیسیوں اور ترقیاتی اقدامات سے بھی مسلسل آگاہ رکھتے ہیں۔بعد ازاں بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کو 10 ارب 35 کروڑ یونٹ بجلی فروخت کی گئی۔نیپرا حکام کے مطابق بجلی کی قیمت میں اضافے سے متعلق درخواست پر 26 نومبر کو ساعت کی جائے گی جس میں پی پی پی اے کی جانب سے پیش کردہ اعداد وشمار اور مؤقف کا جائزہ لیا جائے گا۔ذرائع کے مطابق درخواست کی منظوری کی صورت میں بجلی صارفین پر مجموعی طور پر 29 ارب 80 کروڑ روپے کا اضافی بوجھ پڑنے کا امکان ہے تاہم حتمی فیصلہ نیپرا کی جانب سے ساعت کے بعد جاری کیا جائے گا۔

بقیہ 16

انتظامی یونٹ اور صوبے بننے سے زیادہ لوکل گورنمنٹ ضروری ہے۔رانا سکندر حیات نے کہا کہ انتظامی یونٹس یا صوبے بنانا قومی قیادت کا مینڈیٹ ہے، کیا افغانستان میں زیادہ صوبوں سے مسائل کا حل نکلا۔انہوں نے کہا کہ چھوٹے صوبے لسانی بنیادوں پر نہ بنیں اور گورننس بہتر ہو تو کوئی حرج نہیں، عوام کہے چھوٹے صوبے بنانا ضروری ہے تو ان کی رائے کا احترام کیا جائے۔صوبائی وزیر نے کہا کہ مسائل کا حل لوکل گورنمنٹ میں ہے، پنجاب میں بلدیاتی انتخابات مرحلوں میں کروا رہے ہیں، لوکل گورنمنٹ کے نظام کی ناکامی میں تمام جماعتیں شریک ہیں۔رانا سکندر حیات نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کا مضبوط نظام ہوتا تو نئے صوبوں پر بات ہی نہ ہوتی، ہم نے صوبوں کا آئیڈیا ہی نہیں دیا جنہوں نے دیا وہ اتفاق رائے پیدا کریں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں امن وامان اور انفرا اسٹرکچر سب سے بہتر ہے، پنجاب سب سے بڑا صوبہ ہو کر ڈیلور کر رہا ہے، اس حساب سے چھوٹے صوبوں کو ڈیلور کرنا چاہیے۔

بقیہ 17

ہوئے راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ ایسا نیک کام کرنے کیلئے خاص دردِ دل کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ تخیر حضرات آگے بڑھیں تو خدمت خلق کا کام تناور درخت بن سکتا ہے۔ اس موقع پر پارٹی رہنما حسن مرتضیٰ نے کہا بچوں کو اچھا تعلیمی ماحول دینا خوش آئند اور مستحسن کام ہے۔

بقیہ 18

کی ورلڈ ائیر فورمز ڈائریکٹری میں بھارتی فضائیہ کے زیر استعمال طیاروں کی تعداد 36 بتائی گئی تھی جبکہ 2026 کی ڈائریکٹری میں یہ تعداد ایک طیارے کی کمی کے ساتھ 35 بتائی گئی تھی۔خیال رہے کہ گزشتہ برس بھارتی جارحیت کے جواب میں پاک فضائیہ نے 4 رافیل طیاروں سمیت بھارت کے 8 طیارے تباہ کیے تھے۔بعد ازاں برطانوی دفاعی جریدے سی ایرو (Key_Aero) کی تحقیقی رپورٹ میں بھی پاکستانی دعوے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا گیا تھا کہ مئی 2025 میں پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والی 52 منٹ کی فضائی جنگ میں بھارتی فضائیہ کے 4 رافیل لڑاکا طیارے تباہ ہوئے تھے۔رپورٹ میں بتایا گیا تھا کہ تباہ ہونے والے رافیل طیاروں کے نمبر بی ایس 001، بی ایس 021، بی ایس 022 اور بی ایس 027 تھے جبکہ بھارت ان چاروں طیاروں کے سیریل نمبرز کے ساتھ کوئی واضح تصاویر پیش کرنے میں ناکام رہا۔رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان کے ملٹی ڈومین آپریشنز نے بھارتی فضائیہ کو مفلوج کر دیا تھا۔

بقیہ 19

۔پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چودھری کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کی قانونی ٹیم میرٹ پر دلائل دینے کے بجائے مقدمے کو تاخیر کا شکار کرنے کے حربے استعمال کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق سیاست کی جا رہی ہے اور مختلف الزامات کے ذریعے عدالتی کارروائی پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی جا رہی ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ وکلا کو چاہیے کہ عدالت میں ٹھوس قانونی نکات اور شواہد کی بنیاد پر دلائل دیں، جتنے مرضی تاخیری حربے استعمال کیے جائیں، عدالتیں فیصلہ میرٹ کے مطابق کریں گی۔

بقیہ 20

یا فارمل پینٹ شرٹ پہننے کی ہدایت کی ہے، اساتذہ کے لیے بند جوتے پہننا لازمی قرار دیا گیا ہے، تاہم جرابوں کے ساتھ سینڈل پہننے کی اجازت ہوگی۔خواتین اساتذہ کے لیے ہیل والی جوتیاں پہننے پر پابندی عائد کی گئی ہے۔اس کے علاوہ بغیر بازوں والے اور شفاف لباس پہننے کی بھی اجازت نہیں ہوگی۔خواتین اساتذہ کو فارمل لباس کے ساتھ دوپٹہ یا اسکارف لینے کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ حجاب اور عبایا پہننے کی اجازت برقرار رکھی گئی ہے۔محکمہ اسکول ایجوکیشن نے صوبے کے تمام سرکاری اسکولوں کے سربراہان کو نئے ڈریس کوڈ پر فوری عمل درآمد یقینی بنانے کی ہدایت کردی ہے۔

بقیہ 21

20 پوائنٹس پر ڈرائیونگ لائسنس معطل ہوگا۔سمودے کے مطابق ٹریفک حادثے میں ہلاکت پر 15 اور زخمی ہونے پر 10 ڈی میرٹ پوائنٹس کٹیں گے جب کہ نشے میں ڈرائیونگ پر 8 اور ریڈ سگنل توڑنے پر 6 پوائنٹس کاٹے جائیں گے۔سمودے میں بتایا گیا کہ لاپرواہی سے گاڑی چلانے، غلط ٹوئرن اور ون وے کی خلاف ورزی پر 2 سے 6 پوائنٹس کٹیں گے جب کہ خلاف ورزیوں کا ریکارڈ کے پی آئی ٹی بورڈ کے ڈرائیونگ لائسنس سافٹ ویئر میں رکھا جائے گا۔

بقیہ 22

ریسکیو اہلکاروں نے زخمی بچی کو ہسپتال منتقل کیا، جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئی پولیس کے مطابق حنا کی موت کے بعد حنا کی تدفین راتوں رات کردی گئی

بقیہ 23

قانونی فرموں کو سعودی عرب میں اپنی کمپنیاں قائم کرنے کی اجازت دینے کی بھی منظوری دی گئی ہے ۔ان فیصلوں کو خلیجی ممالک کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون اور سعودی عرب میں قانونی خدمات کے شعبے کی ترقی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے

بقیہ 24

سطح ہے۔اعداد وشمار کے مطابق اکتوبر میں سالانہ بنیادوں پر آئی ٹی برآمدات میں 17.4 فیصد اور ماہانہ بنیادوں پر 4.1 فیصد کا اضافہ ہوا جب کہ جولائی تا اکتوبر آئی ٹی کی برآمدات ایک ارب 73 کروڑ ڈالر رہیں۔سرکاری اعداد وشمار میں بتایا گیا کہ رواں مالی سال کے پہلے 4 ماہ میں آئی ٹی کی برآمدات میں 18 فیصد اضافہ ہے۔اس سے قبل پاکستان نے گزشتہ مالی سال آئی ٹی کی ایکسپورٹ کا نیا ریکارڈ قائم کیا تھا اور پاکستان کی آئی ٹی ایکسپورٹ مالی سال 2025-26 میں ریکارڈ 4 ارب 60 کروڑ ڈالر رہیں، گزشتہ مالی سال آئی ٹی کی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 20.6 فیصد اضافہ ہوا تھا۔

بقیہ 25

سکھیرا نے بلوری پی اور اولپنڈی فرض شناسی، دیانت داری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، حسن مشتاق سکھیرا کی تعیناتی کے دوران جرائم کی روک تھام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کیے گئے ، افسران کی اچھی کارکردگی اور عوامی خدمت کے لیے مثبت خدمات ہمیشہ یاد رکھی جاتی ہیں، پولیس سروس میں تبادلے اور نئی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ سفر کا حصہ ہیں، حسن مشتاق سکھیرا کی خدمات قابلِ ستائش ہیں، آر پی او بابر سرفراز الپا کا حسن مشتاق سکھیرا کے لیے نئی ذمہ داریوں پر نیک خواہشات کا اظہار، آر پی او بابر سرفراز الپا نے الوداعی تقریب کے اختتام پر حسن مشتاق سکھیرا کو انکی خدمات کے صلہ میں اعزازی شیلڈ پیش کی۔

بقیہ 26

کی کرشنگ تا حال شروع نہیں ہوئی جبکہ کسان مہنگے زرعی مداخل کے باعث پریشانی کا شکار ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ تاہم گنے کی قیمت 700 روپے فی من مقرر کی جائے۔انہوں نے کہا کہ دیگر فصلوں کی صورت حال بھی خراب ہے اور زراعت کا شعبہ مسلسل تنزلی کی جانب گامزن ہے ۔امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ آٹا انتہائی مہنگا ہو چکا ہے، پنجاب حکومت نے گندم کی خریداری کے لیے جو کمپنیاں قائم کی تھیں، وہ کہاں ہیں؟ سندھ میں فلور ملز کو گیہوں گندم فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ 27

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ایک ممبر کا انٹرویو سامنے آیا، میں اس کا جواب دینا نہیں چاہتا، وہ اتنا بڑا سردار نہیں کہ میں اس سے خوفزدہ ہوں، ہم نے دہشت گرد تنظیموں کی پرواہ نہیں کی۔سرفراز بگٹی نے کہا کہ میں شرمندہ ہوں کہ ایسی اسمبلی میں بیٹھا ہوں جس میں وہ موصوف رکن ہیں۔ میری بہن اور خاتون رکن اسمبلی کے بارے میں جو کہا گیا اس کی مذمت کرتا ہوں، ہماری تربیت ایسی نہیں کہ ہم خاتون کے بارے میں ایسے ریمارکس دیں۔

بقیہ 28

معاملے پر گفتگو ہونی چاہیے، ریفرنڈم کا طریقہ آئین میں موجود ہے، صدر آصف علی زرداری کی خوبی ہے کہ وہ بات سنتے ہیں اور مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کرنے پر یقین رکھتے ہیں۔ملک احمد خان کا کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی نے پنجاب کی تقسیم سے متعلق قرارداد پر ووٹ دیا تھا، تو سندھ کی تقسیم کی مخالفت کرتی ہے تو پنجاب کی تقسیم کی حمایت کیوں کی؟ پیپلز پنجاب اسمبلی کا کہنا تھا کہ بلاول بھٹو نے خون بہانے کی بات کی، سوال یہ ہے کہ سندھ کی تقسیم کے معاملے پر خونریزی کس بنیاد پر ہوگی؟ کسی کا گھر جلانا اور تشدد کرنا سیاسی حق کیسے ہوسکتا ہے؟ بلاول بھٹو کے پارلیمانی مؤقف اور حالیہ گفتگو میں تضاد پر سوالات اٹھتے ہیں۔ ملک احمد خان نے کہا کہ عدالتی فیصلوں نے جمہوری نظام کو نقصان پہنچایا، ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کا فیصلہ ملکی تاریخ کے بدترین فیصلوں میں شامل ہے، جبکہ حکومت نے گندم کی خریداری کے لیے جو کمپنیاں قائم کی تھیں، وہ کہاں ہیں؟ سندھ میں فلور ملز کو گیہوں گندم فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ 29

وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صنعت و پیداوار و تجارت رانا احسان افضل، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی (پاسڈیک) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، مینٹل پروڈکٹیویٹی آرگنائزیشن (این پی او) کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ایڈیشنل سیکرٹری صنعت و پیداوار اور ماربل انڈسٹری کے نمائندوں نے شرکت کی۔ہارون اختر خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت ماربل پالیسی 2026-29 تیار کر رہی ہے جس کا مقصد جدید ٹیکنالوجی، موثر کان کنی کے طریقوں اور ویلیو ایڈیشن کے ذریعے اس صنعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ مجوزہ پالیسی میں کان کنی اور خام مال کے حصول سے لے کر پروسیسنگ، فنشنگ، پالشنگ اور برآمدات تک پوری ویلیو چین کا احاطہ کیا جائے گا۔مشیر وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان میں ماربل اور قدرتی پتھروں کے وسیع ذخائر موجود ہیں جو سرمایہ کاری، صنعتی ترقی اور برآمدات میں اضافے کے بے پناہ مواقع فراہم کرتے ہیں

بقیہ 30

تمام افسران اور ملازمین کو کمپنی کے پیشہ ورانہ تشخص کے مطابق لباس پہننے کی ہدایت کی گئی ہے۔ سرکلر کے مطابق شلوار قمیض پہننے والے افسران کے لیے لباس کا استری شدہ ہونا اور اس کے ساتھ رسمی واسکٹ یا کوٹ پہننا ضروری قرار دیا گیا ہے جبکہ رسمی جوتے، موکیسنز یا پیچھے سے بدر (پٹی) والی چپل پہننے کی اجازت ہوگی۔اس کے برعکس جوگرز اور دیگر غیر رسمی جوتے پہننے کی اجازت نہیں ہوگی۔ شرٹ اور پینٹ پہننے والے افسران کے لیے یکم اپریل سے 15 اکتوبر کے علاوہ ٹائی پہننا لازمی قرار دیا گیا ہے جبکہ جینز، جوگرز، چپل اور دیگر غیر رسمی جوتوں پر پابندی ہوگی۔ افسران بش کوٹ یا بش شرٹ کے ساتھ پینٹ اور سفاری سوٹ بھی پہن سکیں گے۔ سرکلر میں مزید کہا گیا ہے کہ تمام افسران اور ملازمین دفتری اوقات کے دوران اپنا سرکاری شناختی کارڈ نمایاں طور پر آویزاں رکھیں۔ ماتحت اور عارضی عملے کو بھی صاف ستھرا اور مناسب لباس پہننے، جبکہ چپل اور کھلے جوتوں سے گریز کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ ڈریس کوڈ کی خلاف ورزی کر

سوئی ناردرن گیس کمپنی کے دفاتر میں ڈریس کوڈ نافذ

خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی، افسران، ملازمین مناسب اور رسمی لباس پہنیں گے، سرکاری شناختی کارڈ نمایاں آویزاں کرنا ہوگا

تمام افسران اور ملازمین دفتری اوقات کے دوران اپنا سرکاری شناختی کارڈ نمایاں طور پر آویزاں رکھیں، مراسلہ جاری

لاہور (این این آئی) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز نے دفاتر میں ڈریس کوڈ نافذ کر دیا جس کے تحت تمام افسران اور ملازمین کو مناسب اور رسمی لباس پہننے کا پابند کر دیا گیا۔ اس حوالے سے جاری کردہ سرکلر میں کہا گیا ہے کہ بالخصوص ریجنل وسب ریجنل دفاتر، ٹرانسمیشن ہیڈکوارٹر فیصل آباد اور ملتان و وہاڑی ٹرمینلز میں بعض افسران کی جانب سے مقررہ ڈریس کوڈ کی خلاف ورزی مشاہدے میں آئی ہے جس سے کمپنی کا تشخص متاثر ہونے کے ساتھ دفتری ماحول بھی غیر معیاری ہو رہا ہے۔ اس طرز عمل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 30)



لاہور: قائم مقام ایم ایس جنرل ہسپتال ڈاکٹر سید جعفر حسین انتظامی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دینی مدارس کی رجسٹریشن کا آغاز، 19 مدارس کو سرٹیفکیٹس جاری

سات روز میں رجسٹریشن مکمل، 68 مدارس کا سائن اپ، 24 نے ڈیٹا جمع کرا دیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ داخلہ پنجاب کے تحت پنجاب چیریٹیز کمیشن میں دینی مدارس کی رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ کے مطابق مدارس کی رہنمائی اور رجسٹریشن کے عمل میں سہولت فراہم کرنے کے لیے خصوصی مدارس رجسٹریشن ڈیسک قائم کیا گیا ہے، جبکہ آن لائن پورٹل کے ذریعے (بقیہ نمبر 31)



لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، خود ٹریکٹر چلا کر واسا پنجاب کے قافلے کو دیگر اضلاع کی جانب روانہ کر رہے ہیں

44 جیلوں کی 3 ماہ کیلئے 10 لاکھ میٹرک ٹن گندم مختص

محکمہ جیل خانہ جات کو 40 کروڑ 98 لاکھ روپے کو جاری کر دیئے گئے ہیں

محکمہ (این این آئی) فیصل آباد سمیت پنجاب بھر کی 44 جیلوں کے قیدی تین ماہ میں 41 کروڑ روپے کی گندم کھا جائیں گے، سب سے بڑا حصہ اڈیالہ جیل کے لیے مختص کیا گیا ہے، ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کی دوسری سہ ماہی کے لئے صوبے (بقیہ نمبر 33)

بشریٰ بی بی کو جیل میں ہر ممکن طبی و دیگر سہولتیں فراہم کرنے کا حکم

بشریٰ بی بی کی سرجری کے بعد جیل میں انفیکشن کا خطرہ ہے، لطیف کھوسہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیلوں کی سماعت کے دوران بشریٰ بی بی کو جیل میں ہر ممکن طبی اور دیگر سہولتیں فراہم کرنے کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف پر مشتمل بینچ نے بشریٰ بی بی کی میڈیکل رپورٹس طلب کرنے سے متعلق (بقیہ نمبر 35)



نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان بین السکولز سائنسی نمائش کا جائزہ لے رہے ہیں

محفوظ کاروباری ماحول معاشی ترقی کی بنیاد ہے، صدر آئی سی سی آئی

کاروباری برادری کے تحفظ اور مسائل کے حل کے لیے اسلام آباد پولیس پر عزم ہے، ایس ایس پی آپریشنز

تاجروں اور صنعت کاروں کو درپیش پولیس سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں گے، علی رضا قاضی

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) علی رضا قاضی نے کہا ہے کہ کاروباری برادری ملکی معیشت کا حقیقی محرک ہے اور اس کے مسائل کا حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے کہ تاجروں اور صنعت کاروں کو درپیش پولیس سے متعلق شکایات کے ازالے کے لیے مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں گے اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔ وہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) میں کاروباری برادری کے ساتھ ایک بھرپور اور تعمیری (بقیہ نمبر 45)



لاہور: صوبائی وزیر لیبر محمد مشتاق اللہ بٹ سوشل سکیورٹی ہسپتال مانگا میں سوشل سکیورٹی موبائل ہیلتھ سروسز کا افتتاح کر رہے ہیں

گوجرانولہ میں جدید انڈسٹریل پارک بنایا جا رہا، شافع حسین

صنعتکار حکومت کی بلاسود اور آسان قرضوں کی سکیموں سے فائدہ اٹھائیں

لاہور (این این آئی) پاکستان فیرس نان فیرس میٹلز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام گوجرانولہ کے مقامی ہوٹل میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس کے (بقیہ نمبر 46)

کیمروں والی عینکوں پر پابندی، وفاقی حکومت سے رپورٹ طلب

بڑی دکانوں اور سپر سٹورز پر کیمروں والی عینکیں فروخت کی جا رہی ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں کیمروں والی عینکوں کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کرنے کے لیے دائر درخواست پر سماعت ہوئی، جس کے دوران پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں کیمروں والی عینکوں کی خرید و فروخت پر پابندی عائد کرنے کی رپورٹ عدالت میں پیش کر دی، عدالت نے آئندہ سماعت پر وفاقی حکومت سے تفصیلی رپورٹ طلب کرتے ہوئے کیس کی مزید کارروائی 8 دسمبر تک ملتوی کر (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی پولیس نے 04 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 04 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 04 افراد کو حراست میں لے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ گنجمنڈی، نصیر آباد، چونترہ اور کہوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

صدر بیرونی پولیس نے چھے سالہ بچے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی پولیس نے چھے سالہ بچے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے چھے سالہ بچے سے زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم نے میرے بیٹے پر تشدد کیا اور اس سے زیادتی کی، صدر بیرونی پولیس نے شہری کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، ملوث ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔



اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

والی بال میچ کے دوران تلخ کلامی، فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

مقتول کے بھائی کی مدعیت میں پولیس نے مقدمہ درج ملزم کی تلاش شروع

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں 26 سالہ نوجوان کو فائرنگ سے قتل کر کے ملزم فرار ہو گیا۔ پولیس کے مطابق تحصیل شاہ پور میں مقتول کی والی بال میچ کے دوران ملزم سے تلخ کلامی ہوئی تھی۔ پولیس نے کہا کہ اگلے روز ملزم نے تلخ کلامی کا مبینہ طور پر بدلہ لینے کے لیے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا۔ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں پولیس نے (بقیہ نمبر 39)

ایف بی آر کے سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کی علیحدگی کا فیصلہ مسترد

تاجروں پر نیا بوجھ ڈالنے کے بجائے آسانیاں پیدا کی جائیں، سلیم مکاتی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کیمیکلز اینڈ ڈائرمز چینٹس ایسوسی ایشن (پی سی ڈی ایم اے) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے سیلز ٹیکس اور فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کو انکم ٹیکس ایڈمنسٹریشن سے الگ کرنے کے فیصلے کو مسترد کرتے ہوئے اسے بزنس کمیونٹی کے لیے نئی مشکلات کا پیش خیمہ قرار دیا ہے، پی سی ڈی ایم اے کے چیئرمین سلیم مکاتی نے خبردار کیا کہ اس تقسیم سے ٹیکس کی تعمیل مزید پیچیدہ اور مہنگی ہو جائے گی۔ ان لینڈ ریونیو (بقیہ نمبر 40)

پولیس کا کریک ڈاؤن، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے 12 افراد گرفتار

لاہور (این این آئی) اسلام نگر کے علاقے میں مسلح افراد کی موجودگی کی اطلاع پر سنٹر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے اسلحہ لے کر گھومنے والے 12 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 14 رائفلیں، ریپیٹر اور 4 پستول برآمد ہوئے۔ ملزمان برآمد ہونے والے اسلحے کے لائسنس یا قانونی اجازت نامے پیش کرنے میں ناکام رہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ گرفتار ملزمان سے تحقیقات جاری ہیں کہ وہ اسلحہ لے کر کہاں جا رہے (بقیہ نمبر 32)

نامعلوم افراد کے تشدد سے پولیس اہلکار جاں بحق

بنوں (این این آئی) بنوں میں نامعلوم افراد کے تشدد سے پولیس اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے علاقے تازیری چوک میں نامعلوم افراد نے ایک پولیس اہلکار پر تشدد کی جس کے نتیجے میں اہلکار جاں بحق ہو گیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو گئی جن کی تلاش جاری ہے جب کہ اہلکار کی لاش کو قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

ٹریکٹر ٹرالی اور مزدا ڈالا کے تصادم میں دو مزدور جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی اور مزدا ڈالا کے تصادم میں دو مزدور جاں بحق اور چار افراد شدید زخمی ہو گئے جن کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا بیجن کے علاقہ واں بھچراں میں تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی اور مزدا ڈالا کے تصادم میں دو مزدور محمد خان دیوانے خیل اللہ اور محمد اصغر المعارف کا کا پاولی جاں بحق اور چار (بقیہ نمبر 34)

ایس ایس پی انوسٹی گیشن کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

شہریوں کی شکایات سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

مارک کردہ درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے

ایس ایس پی انوسٹی گیشن سیف اللہ کی متعلقہ افسران کو ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ نے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد، ایس ایس پی انوسٹیگیشن نے شہریوں کی شکایات سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن سیف اللہ کا (بقیہ نمبر 41)

لاہور، کمرشل گاڑیوں کی چوری کی وارداتوں میں 45 فیصد کمی

کمرشل گاڑیوں کی چوری کی وارداتوں میں تقریباً 45 فیصد کمی ہوئی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں کمرشل گاڑیوں کی چوری کی وارداتوں میں گزشتہ سال اسی عرصے میں یہ تعداد 733 تھی۔ اس طرح کمرشل گاڑیوں کی چوری کی وارداتوں میں تقریباً 45 فیصد کمی ہوئی۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال کے پہلے 10 ماہ کے دوران کمرشل گاڑیوں کی چوری کے 398 مقدمات درج ہوئے، جبکہ گزشتہ سال کے مقابلے میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق رواں سال کے پہلے 10 ماہ کے دوران کمرشل گاڑیوں کی چوری کے 398 مقدمات درج ہوئے، جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں یہ تعداد 733 تھی۔ اس طرح کمرشل گاڑیوں کی چوری کی وارداتوں میں تقریباً 45 فیصد کمی ہوئی۔ پولیس ریکارڈ کے مطابق لاہور کے مختلف (بقیہ نمبر 42)



لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر، بیکن ہاؤس سکول، جونیئر کیمپس جوہر ٹاؤن میں سپورٹس گالا کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پارک میں کھیلتے بچوں کو قتل کی دھمکیاں دینے والا ملزم گرفتار

ملزم نے سوشل میڈیا پر ایک اشتعال انگیز اور دھمکی آمیز ویڈیو بھی اپ لوڈ کی تھی

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے سینکڑوں کمسن بچوں کی زندگیاں محفوظ بنا لیں۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق بچوں کو قتل کی دھمکیاں دینے اور ہراساں کرنے والا ملزم نعیم قریشی گرفتار کر لیا گیا، ملزم پارک میں کھیلتے معصوم بچوں کو ڈراتا، دھمکاتا اور ہراساں کرتا تھا۔ ملزم نے سوشل میڈیا پر ایک اشتعال انگیز اور (بقیہ نمبر 43)



نارووال: میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر امیر محمد مریضوں کی خیریت دریافت کر رہے ہیں

ٹریکٹر ٹرالی کی رکشے کو ٹکر، 5 سالہ بچی جاں بحق

لاہور (این این آئی) ملتان روڈ پر ٹریکٹر ٹرالی کی رکشے کو ٹکر سے 5 سالہ بچی جاں بحق ہو گئی۔ پولیس کے مطابق حادثہ ملتان روڈ پر سندر اڈے کے قریب پیش آیا جہاں ایک فیملی لوڈر رکشے پر سوار تھی کہ ٹریکٹر ٹرالی نے عقبی سائیڈ سے ٹریکٹر ٹرالی نے ٹکر مار دی۔ پولیس نے بتایا کہ ٹکر کے نتیجے میں 5 سالہ ایمان فاطمہ رکشے سے اچھل کر سڑک پر گری اور ٹریکٹر کے نیچے آ کر جان کی بازی ہار گئی، جاں بحق (بقیہ نمبر 37)

شکر گڑھ، کھیتوں سے اچانک 15 فٹ لمبا اژدھا نکل آیا

شکر گڑھ شرقپور شریف (این این آئی) شکر گڑھ میں سرحدی موضع چک امرو کے کھیتوں سے اچانک اژدھا نکل آیا۔ علاقہ مکینوں کا دعویٰ ہے کہ اژدھے کی لمبائی 15 فٹ اور وزن 40 کلوگرام تھا۔ شکر گڑھ میں علاقہ مکینوں کا کہنا تھا کہ اژدھے کو دیکھتے ہی کھیتوں میں موجود کسانوں اور نوجوان خوفزدہ ہو گئے۔ علاقہ مکینوں نے پتھروں اور ڈنڈوں سے اژدھے کو موقع پر ہی مار ڈالا، علاقہ مکینوں نے اژدھے کو کھیتوں میں ہی دفنا دیا، واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔

دی مال آف گوجر خان دوسری بار سیل صرف ربن ہٹایا گیا

بلڈنگ انسپکٹر انعام مصطفیٰ کے مطابق 15 روزہ مہلت اور تعمیراتی کام بند رکھنے کی یقین دہانی پر ربن ہٹایا گیا

بقایا جات کی ادائیگی اور بلڈنگ بائی لاز کی شرائط پوری ہونے پر نقشے کی منظوری کا فیصلہ متعلقہ اتھارٹی کرے گی

گوجر خان (قمر شہزاد) سابق چیئرمین بلدیہ کے کاروباری مرکز دی مال آف گوجر خان کو رواں ماہ دوسری مرتبہ سیل کیے جانے کے معاملے پر بلڈنگ انسپکٹر انعام مصطفیٰ نے بتایا کہ انہیں بھی دوسرے پلازوں کی طرح 15 روز کی مہلت دی گئی تھی، جبکہ ربن اس یقین دہانی پر ہٹایا گیا کہ فی الوقت عمارت میں تعمیراتی کام نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیٹ بیک اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ایگزٹ (بقیہ نمبر 1)

لاہور، اشتہاری ملزمہ نے اینٹ مار کر تھانیدار کو زخمی کر دیا

ایس ایچ او ویمن پولیس اسٹیشن نے لیڈیز پولیس کے ہمراہ اسلامپورہ میں چھاپہ مارا

لاہور (این این آئی) لاہور میں اشتہاری ملزمہ نے اینٹ مار کر تھانیدار کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او ویمن پولیس اسٹیشن نے لیڈیز پولیس کے ہمراہ اسلامپورہ میں چھاپہ مارا جہاں اشتہاری ملزمہ منیبہ شاہین نے پولیس پر پتھراؤ کیا۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ پتھراؤ کے دوران ایک اینٹ لگنے سے پیٹرولنگ گاڑی میں موجود انسپکٹر طارق زخمی ہو گیا جس کے بعد اسے فوری اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق اشتہاری ملزمہ منیبہ شاہین (بقیہ نمبر 36)

بچوں کی کردار سازی سے بڑھ کر کوئی عظیم کام نہیں

ایسے نیک کام کیلئے درد دل اور احساس ضروری ہے، راجہ پرویز اشرف

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم پاکستان اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف نے غیر سرکاری تنظیم پرورش فاؤنڈیشن کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ اور بشریٰ منظور مانیکا بھی ان کے ہمراہ تھے۔ پرورش فاؤنڈیشن آمد پر شاہ ویز ندیم اور ڈپٹی ڈائریکٹر سعدیہ سہیل رانا نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا اور انہیں ادارے کے اغراض و مقاصد، سرگرمیوں اور بچوں (بقیہ نمبر 38)

سوات میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.5 ریکارڈ

لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے

سوات (این این آئی) سوات اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز ہندوکش کا پہاڑی سلسلہ تھا۔ زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ 216 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4.5 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی گہرائی

گوجر خان کچہری میں چوری سول کورٹس سے بجلی کی تاریں غائب

تھانہ گوجر خان کی ناک کے نیچے واردات، چور کٹر سے کاپر تاریں کاٹ کر لے گئے، ذرائع

سرکل میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں پر شہریوں میں تشویش، پولیس گشت مؤثر بنانے اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کا مطالبہ

گوجر خان (قمر شہزاد) تھانے کے بالکل قریب گوجر خان کچہری میں چوری کی وارداتوں کے دوران نامعلوم چور رات کی تاریکی میں سول کورٹس میں داخل ہو کر کٹر کی مدد سے بجلی کی کاپر تاریں کاٹ کر لے گئے، ذرائع کے مطابق واردات سے سرکاری عمارت کی سیکورٹی اور پولیس گشت کے انتظامات پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ گوجر خان سرکل میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری رہنے کے باعث شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں، جبکہ کچہری جیسے حساس مقام اور تھانے کے قریب چوری کی واردات شہریوں کی تشویش میں (بقیہ نمبر 2)

لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں پھر سرفہرست آ گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں فضائی آلودگی خطرناک حد تک برقرار ہے، جہاں شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 296 ریکارڈ کیا گیا، اعداد و شمار کے مطابق لاہور ایک بار پھر دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست آ گیا۔ شہر کے مختلف علاقوں میں آلودگی کی شرح 600 سے تجاوز کر گئی۔ سی ای آر پی آفس کے علاقے میں 623، اے آر ایم اسٹیشن پر 400، علامہ اقبال ٹاؤن میں 386 جبکہ برکی روڈ پیراگون میں 296 ایئر کوالٹی انڈیکس ریکارڈ کیا گیا۔



اسلام آباد: سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد اپنے فریڈم ہاؤس پر فشنگ کرتے ہوئے

گوجر خان رہائشی عمارتوں میں تجارتی یلغار انسانی جانوں کے تحفظ پر خطرے کی گھنٹی

گھروں میں بنے ہسپتالوں، سکولز و اکیڈمیوں کے کیا نقشے منظور ہوئے اور بلدیہ کا ریونیو کتنا بڑھا؟ شہری سابقہ و موجودہ افسران بتائیں کہ کیا یہ عمارتیں فائر سیفٹی، پارکنگ اور پی ایچ سی ایس او پیز پر پورا اترتی ہیں؟

تحریری وضاحت میں DDHO نے ذمہ داری پی ایچ سی، بلدیہ و ماحولیات پر ڈال دی، دیگر افسران تاحال خاموش

وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری اور لوکل گورنمنٹ تمام محکموں کی پراسرار خاموشی کا نوٹس لے کر حقائق پبلک کریں

گوجر خان (قمر شہزاد) گوجر خان شہر اور گردونواح کی رہائشی آبادیوں میں قائم نجی ہسپتالوں، کلینکس، سکولز، اکیڈمیز، بیوٹی پارلرز، دفاتر اور کمرشل عمارتوں میں حفاظتی انتظامات کے فقدان پر عوامی و سماجی حلقوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن، بلدیہ، محکمہ ماحولیات اور افسران بالا کی کارکردگی پر کڑے سوالات اٹھا دیے ہیں۔ شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ رہائشی مکانات کے نقشے گھریلو ایس او پیز کے مطابق پاس ہوئے تھے، مگر بعد ازاں جب ان میں ہسپتال، سکول، اکیڈمیز اور کاروباری مراکز بنے تو کیا بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ، پی ایچ سی اور محکمہ ماحولیات نے ان کا دوبارہ جائزہ لیا؟ شہریوں نے استفسار کیا کہ شہر کی تمام کمرشل عمارتیں اور پلازے کیا بلڈنگ بائی لاز کے تحت سیٹ بیک، فائر وال، فائر سیفٹی، پارکنگ اور ایمرجنسی ایگزٹ کے معیار پر پورا اترتے ہیں یا نہیں، اور کمرشلائزیشن فیس کی مد میں سرکاری ریونیو کتنا بڑھا؟ عوامی حلقوں نے حکومت کو جھنجھوڑتے ہوئے کہا کہ جب کوئی بڑا سانحہ یا آتشزدگی رونما ہوتی ہے تو بعد ازاں دوڑیں لگتی ہیں اور ماتحت عملے پر خصہ نکالا جاتا ہے، لہٰذا حکومت خود کا ہے بگا ہے ہر شہر کی تفصیلات ضلعی افسران سے طلب کرے (بقیہ نمبر 3)

سرگودھا، سڑکوں کی تعمیر و مرمت مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر

شہر میں سون سورس فنڈز سے سڑکوں کی تعمیر و مرمت کا کام تیزی سے جاری ہے، ڈپٹی کمشنر

سرگودھا (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نے شہر کے علاقہ استقلال آباد کالونی میں سٹریٹ لائٹس کی تنصیب، پارک کو ایمینٹیز اور شہریوں کے لیے مزید خوبصورت اور بہتر تفریحی مقام بنانے کا حکم دیا اور 20 فروری تک شہر کی تمام سڑکوں کی تعمیر و مرمت مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر کر دی۔ ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر حسین احمد رضا چوہدری نے شہر کی گنجان آباد علاقہ استقلال آباد کالونی کا دورہ کر کے مختلف گلیوں اور بازاروں میں صفائی ستھرائی کی (بقیہ نمبر 50)



لاہور: سابق وزیر اعظم و پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما راجہ پرویز اشرف کو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی میں یوم اقبال کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے دوران سوونیئر پیش کر رہے ہیں

محمد ادریس کو نیا اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا تعینات کر دیا گیا

اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا احمد شیر گوندل کو تبادلہ پر یادگار شیلڈ کیساتھ رخصت کیا گیا

سرگودھا (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر سرگودھا احمد شیر گوندل کو تبادلہ پر یادگار شیلڈ اور ٹیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت پنجاب نے سرگودھا کے اسسٹنٹ کمشنر احمد شیر گوندل کو تبادلہ پر یادگار شیلڈ اور نیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت پنجاب نے سرگودھا کے اسسٹنٹ کمشنر احمد شیر گوندل کو تبادلہ پر یادگار شیلڈ اور نیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ادریس کو نیا اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 49)

باپ سے مبینہ گولی چلنے پر 11 سالہ بیٹی جاں بحق

تربت (این این آئی) بلوچستان کے شہر تربت میں بجلی کا ہائی وولٹیج تار گھر پر گرنے سے خاتون جھلس کر جاں بحق ہو گئی۔ پولیس کے مطابق واقعے میں گھر میں موجود باپ اور بھائی جھلس کر زخمی ہو گئے۔ پولیس نے کہا کہ واقعہ آبسر کے قریب واسطو بازار میں پیش آیا جہاں بجلی کا ہائی وولٹیج تار ایک گھر پر گر گیا، حادثے میں ایک خاتون جھلس کر موقع پر ہی جاں بحق ہو گئی۔ زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کے لیے ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کر دیا گیا ہے۔

کالا شاہ کاکو میں 11 سالہ حنا عظیم جاں بحق ہو گئی

کالا شاہ کاکو (این این آئی) مرید کے تھانہ سٹی کے علاقے ڈاکے میں گھر کے اندر فائرنگ کے واقعے میں 11 سالہ حنا عظیم جاں بحق ہو گئی ریسکیو حکام کے مطابق رات گئے بچی کا والد عظیم گھر میں پسٹل صاف کر رہا تھا کہ اچانک گولی چل گئی اور حنا کو جاں بحق ریسکیو اہلکاروں نے زخمی بچی کو ہسپتال منتقل کیا، جہاں وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئی پولیس کے مطابق حنا کی موت کے بعد حنا کی تدفین راتوں رات کر دی گئی

ڈسکہ میں چوری کی 2 وارداتیں، 5 ملزمان گرفتار

ڈسکہ (این این آئی) ڈسکہ میں چوری کی 2 وارداتیں، 5 ملزمان گرفتار، پولیس کے مطابق تھانہ سٹی ڈسکہ کی حدود میں چوری کی 2 وارداتیں ہوئیں، پولیس نے 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے 2 موٹر سائیکل، 2 بیٹریاں اور 2 موبائل فون برآمد کر لیے گئے، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔

ویزا فراڈ کیس، ملزم کی ضمانت خارج ہونے پر ہنگامہ آرائی

سکیورٹی اہلکاروں نے مداخلت کر کے متعدد افراد کو حراست میں لے لیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں ویزا فراڈ کیس کے ملزم کی عبوری ضمانت خارج ہونے پر ہنگامہ آرائی ہو گئی، مقدمے کی مدعیہ نے عدالت کے احاطے میں ملزم کو تھپڑ مار دیئے جس پر سکیورٹی اہلکاروں نے مداخلت کرتے ہوئے متعدد افراد کو حراست میں لے لیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں ویزا فراڈ کیس کی ساعت کے دوران عدالت نے ملزم کی عبوری ضمانت کی درخواست خارج کر دی۔ ضمانت مسترد ہونے کے بعد مقدمے کی مدعیہ نے ملزم پر حملہ کر دیا اور اسے متعدد تھپڑ مارے۔ واقعے کے بعد عدالت کے احاطے میں ہنگامہ آرائی شروع ہو گئی۔

لاہور میں سنگین جرائم کی شرح میں 45 فیصد کمی

خواتین سے زیادتی کے بعد قتل کے واقعات میں 80 فیصد کمی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں گزشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال سنگین جرائم سمیت مختلف نوعیت کی وارداتوں میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ شہر میں سنگین جرائم کی مجموعی شرح میں 45 فیصد کمی واقع ہوئی، جبکہ خواتین سے زیادتی کے بعد قتل کے واقعات میں 80 فیصد کمی آئی ہے۔ ترجمان لاہور پولیس نے بتایا کہ ڈکیتی کی وارداتوں میں 47 فیصد اور رابری کے واقعات میں 68 فیصد کمی آئی ہے۔ اسی طرح کار چوری (بقیہ نمبر 44)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ